غائبانہ نماز جنازہ

مذکورہ بالا تمام احباب کی وفات پر رئیس الجامعہ علامہ مولانا محمد مدنی صاحب، مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر، اساتذہ وطلبہ جامعہ اور مقامی جماعت نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں علامہ محمد مدنی صاحب اور جامع مسجد سلطان اہلحدیث (جامعہ علوم اثریہ) میں حافظ عبدالحمید عامر نے انکی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔

جامعہ کے ششماہی امتحانات

عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے بعد جامعہ میں تعلیم وتدریس پورے عروج پر ہے۔ چونکہ جامعہ کے ششماہی امتحانات ربیع الاول کے پہلے ہفتہ میں ہونے والے ہیں اسلئے طلبہ واساتذہ اسکی خوب تیاری کر رہے ہیں۔

جہلم میں رکنیت سازی کی مہم

مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کی ہدایت کے مطابق ضلع جہلم میں رکنیت سازی کی مہم کا باقاعدگی سے آغاز کر دیا گیا ہے۔ ضلع جہلم میں جمعیت کی تمام یونٹوں میں رکنیت بکس بھیج دی گئی ہیں۔

مسلک اہل حدیث کے افراد بڑھ چڑھ کر اس مہم میں حصہ لے رہے ہیں بعض مقامات پر بھیجی گئی رسید بکس مکمل ہونے کے بعد مزید بکس طلب کرلی گئی ہیں۔ مقامی جمعیت کے پاس موصول شدہ بکس کے ختم ہونے کے بعد تیسری مرتبہ مرکزی دفتر لاہور سے مزید بکس منگوائی گئی ہیں۔ امید ہے آیندہ چند ہفتوں میں رکنیت سازی کا کام مکمل کرلیا جائے گا

رپورٹ تنظیم المساجد

مقامی تنظیم المساجد الاثریہ کے زیر اہتمام شہر جہلم وضلع گجرات ودیگر مقامات پر مساجد زیر تعمیر ہیں اور بعض مقامات پر نئی مساجد کا کام شروع ہونے والا ہے

۱۔ مسجد اہل حدیث حسن آباد (مجاہد آباد) جہلم

اس مسجد کے نگران ڈاکٹر ظفر محمود صاحب ہیں یہ مسجد آئندہ چند ہفتوں مکمل ہوجائے گی اس کا عنقریب افتتاح ہونے والا ہے۔